# دینیات کورس

تعلیمی و معاشی مصروفیات میں مشغول حضرات کے لیے
شام کے اوقات میں علوم دینیہ کی تحصیل کا نادر موقع

انجمن خدام القرآن ــــــ قرآن اکیڈمی
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ
www.QuranAcademy.com

# تعارف دینیات کورس

موجودہ دور بجا طور پر مغربی فلسفہ وفکر اور علوم وفنون کی بالا دستی کا دور ہے اور المیہ یہ ہے کہ آج مسلمان معاشرے بھی مغرب کے اس مادّہ پرستانہ اور ملحدانہ فکر و فلسفہ کے سامنے مغلوب اور بے بس نظر آتے ہیں۔
ضرورت اس امر کی ہے کہ آج خالص علمی سطح پر الحاد و مادّہ پرستی کی اس یلغار کے سامنے بند باندھا جائے اور اسلام کے فکر و فلسفہ کو عوام الناس کے سامنے وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کیا جائے۔ الحمد اللہ! اس مقصد کے حصول کے لیے انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت "قرآن فہمی کورس" کے عنوان سے ایک ایسا کورس عرصہ دراز سے جاری ہے کہ جس کا مقصد جدید تعلیم یافتہ افراد کو بنیادی دینی علوم سے آراستہ کرنا اور اس قابل بنانے کی کوشش کرنا ہے کہ وہ قرآن حکیم کے پیغام کو اور رجوع الی القرآن کی دعوت کو دوسروں تک پہنچا سکیں اور نبی کریم ﷺ کے فرمان ''تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو قرآن سیکھیں اور سکھائیں'' (بخاری) کی عملی تصویر بننے کی سعادت حاصل کر سکیں۔
البتہ عرصہ دراز سے اس ضرورت کو شدت سے محسوس کیا جا رہا تھا کہ وہ حضرات جو حصول تعلیم کی مصروفیت یا حصول معاش میں مشغولیت کی بنا پر صبح کے اوقات میں ہونے والے ''قرآن فہمی کورس'' سے استفادہ کرنے سے... باوجود شدید خواہش کے... قاصر ہیں، ایسے افراد کے لیے شام کے اوقات میں قدرے اختصار کے ساتھ دینی علوم کا حصول ممکن بنایا جائے۔ اسی مقصد کے حصول کے لیے بحمد اللہ قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی '' دینیات '' کے عنوان سے کورس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔
نصاب اور دیگر تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

# دینیات کورس کا نصاب

## تجوید القرآن

صحیح مخارج، تلفظ اور ادائیگی کے ساتھ تلاوتِ قرآنِ حکیم کی استعداد پیدا کرنے کے لیے علمِ تجوید کے بنیادی قواعد کی تعلیم

نصاب: ☆ علم التجوید کے قواعد ☆ قواعد کا اطلاق و مشق

## عربی گرامر

عربی گرامر کے بنیادی قواعد وضوابط کی اس حد تک تعلیم کہ قرآنِ حکیم کے مفہوم کو براہِ راست سمجھا جا سکے

نصاب: لسان القرآن (مرتب: عامر سہیل صاحب)

## ترجمہ قرآنِ حکیم

عربی گرامر کے قواعد کے اطلاق کے ساتھ قرآنِ حکیم کی منتخب سورتوں کے ترجمے کی مشق

نصاب: ☆عربی گرامر برائے قرآن فہمی (مرتب: حافظ انجینئر نوید احمد صاحب)

☆ قواعد کا اطلاق (قرآنِ حکیم کے ذریعہ)

## مطالعۂ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب

دین اسلام کا جامع تصور واضح کرنے کے لیے قرآنِ حکیم کے منتخب مقامات کا تفصیلی مطالعہ

نصاب: ☆مطالعۂ قرآنِ حکیم کا منتخب نصاب (مؤلف: ڈاکٹر اسرار احمدؒ)

☆نکات برائے درس وتدریس حصہ اول تا ششم (مرتب: حافظ انجینئر نوید احمد صاحب)

## مطالعہ حدیث نبوی ﷺ

حدیث کی اہمیت وحجیت اور موجودہ دور میں اٹھائے جانے والے اعتراضات کے موضوع پر لیکچرز اور حدیث کی شہرۂ آفاق کتاب ''اربعین نووی'' کا سلسلہ وار مطالعہ

نصاب: ☆حجیتِ حدیث کے دلائل ☆اربعین نووی (امام یحیٰی بن شرف الدین النوویؒ)

## مطالعہ سیرت النبی ﷺ

حیات مبارکہ ﷺ سے ماخوذ آدابِ زندگی اور سیرۃِ مطہرہ ﷺ کے مختلف گوشوں کا سلسلہ وار مطالعہ

نصاب: ☆ تجلیاتِ نبوت (مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوریؒ)

☆آدابِ زندگی (مولانا یوسف اصلاحی صاحب)

## عقیدہ وفقہ

اسلام کے بنیادی عقائد کی تعلیم اور روزمرہ کی عبادات میں پیش آنے والے فقہی مسائل و ابواب کی بنیادی تعلیم

نصاب: ☆تعارفِ فقہ ☆فقہی اصطلاحات ☆طہارت، نماز، روزہ، زکوۃ، حج، اور رسومات (فضائل ومسائل)

## اضافی محاضرات

بنیادی دینی موضوعات پر مشتمل مختلف لیکچرز

موضوعات: ☆ فرائض دینی کا جامع تصور

☆رسولِ انقلاب کا طریقۂ انقلاب ☆اجتماعیت اور اس کے تقاضے

☆مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق

## قواعد وضوابط

| | |
|---|---|
| آغاز | 12اگست2014ء |
| دورانیہ | 10ماہ |
| ایامِ تدریس | پیر تا جمعہ |
| اوقات | شام 7 بجے تا 9 بجے رات (علاوہ وقفہ برائے نماز) |
| اہلیت برائے | صرف حضرات کے لیے (کم ازکم تعلیمی قابلیت: انٹرمیڈیٹ یا مساوی) |
| فیس | داخلہ فیس800 روپے/ ماہانہ فیس500 روپے (مستحق طلبہ کے لیے فیس میں رعایت کی گنجائش موجود ہے) |
| اجرائے سند | کورس کے اختتام پر کامیاب ہونے والے طلبہ کو ادارے کی جانب سے باضابطہ طور پر سند جاری کی جائیگی۔ |
| کامیابی کے درجات | کامیابی کی سند صرف اُن حضرات کو دی جائیگی جن کی حاضری ہر مضمون میں کم ازکم 70فیصد ہوگی اور انہوں نے ہر مضمون کے امتحان میں کم ازکم 40فیصد نمبر حاصل کیے ہونگے۔ |

## داخلہ ورجسٹریشن

رجسٹریشن کے لیے اپنا مکمل نام، کورس کا نام اور موبائل نمبر لکھ کر مندرجہ ذیل رابطہ نمبر یا ای میل ایڈریس پر بھیج دیں۔ تفصیلی داخلہ فارم کورس کے دوران پُر کروایا جائے گا جس کے لیے ایک عدد شناختی کارڈ کی کاپی اور ایک عدد پاسپورٹ سائز تصویر درکار ہوگی۔

## افتتاحی تقریب

11اگست2014ء (بعد نمازِ مغرب)

## رابطہ

جناب حارث احمد صاحب

0300-2225354

haris@quranacademy.com

## مقام

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

شارع قرآن اکیڈمی، بلاک 9، فیڈرل بی ایریا، پاکستان

021-36806561,36337346

www.QuranAcademy.com